# RB-89.3 کو مکمل کرنے کے حوالے سے ہدایات

**بنام جواب دہندہ:** *نظر ثانی/مکمل بورڈ کے جائزے کے لیے درخواست کا جوابی بیان (فارم RB-89.3)*، یا آئندہ "جوابی بیان" کہا جائے گا، کو *نظر ثانی/مکمل بورڈ کے جائزے کے لیے درخواست (فارم RB-89.2)*، یا آئندہ "درخواست" کہا جائے گا، کی اس فراہمی کے بعد 30 تقویمی ایام کے اندر دائر کروانا ضروری ہے، جو جواب دہندہ کو فراہم کی جاتی ہے۔ *فارم RB-89.3* کو بورڈ کو اس طرح کے جوابی بیان کی اصل وصولی کی تاریخ پر بورڈ کے پاس دائر کردہ سمجھا جاتا ہے۔ 12 NYCRR 300.13(c) کے مطابق، جو تمام جوابی بیانات کے لیے 12 NYCRR 300.13(b) کے تقاضوں کی تعمیل کو لازمی قرار دیتا ہے، *فارم RB-89.3* کو دعوؤں کے لیے صرف مرکزی ای میل ایڈریس (wcbclaimsfiling@wcb.ny.gov) کے ذریعے، یا بذریعہ WCB ویب اپ لوڈ لنک (https://wcbdoc.services.conduent.com/) دائر کروایا جا سکتا ہے۔ متبادل طور پر، غیر نمائندہ دعویدار بورڈ کے مرکزی ڈاک کے پتے (PO Box 5205, Binghamton, NY 13902-5205) پر *بورڈ کے جائزے کے لیے درخواست کا جوابی بیان* بھیج سکتے ہیں۔ ورکرز کمپنسیشن میں امتیازی سلوک کے دعوؤں سے متعلقہ *RB-89.3* فارمز کو بورڈ کے امتیازی سلوک کے یونٹ کو بذریعہ ڈاک، PO Box 5205, Binghamton, NY 13902-5205 پر بھیج کر بورڈ کے پاس جمع کروانا ضروری ہے۔ معذوری کے وظائف کے لیے دائر کردہ دعوؤں سے متعلقہ *RB-89.3* فارمز (چوٹوں یا بیماریوں کے نتیجے میں ضائع ہونے والی اجرت کے دعوے جن کا روزگار سے تعلق نہیں ہے) کو معذوری کے وظائف کے بیورو کو بذریعہ ڈاک، PO Box 9029, Endicott, NY 13761-9029 پر جوابی بیان بھیج کر بورڈ کے پاس دائر کروانا ضروری ہے۔اس جوابی بیان کی ایک کاپی 12 NYCRR 300.13(b)(1)(iv) کے مطابق تمام متعلقہ و وابستہ فریقین کو لازماً پیش کی جانی چاہیئے۔ *فارم RB-89.3* کا، تاوقتیکہ کسی غیر نمائندہ شدہ دعویدار کی طرف سے جمع کروایا گیا ہو، چیئر کی طرف سے تجویز کردہ فارمیٹ میں ہونا ضروری ہے، جوابی بیان کے تمام حصوں کا مکمل ہونا ضروری ہے۔ 12 NYCRR 300.13 کو درکار تمام معلومات فراہم کرنے اور ان ہدایات پر عمل کرنے میں ناکامی کے نتیجے میں ہو سکتا ہے کہ درخواست کو مسترد کر دیا جائے۔

**نوٹ:** *نظر ثانی/مکمل بورڈ کے جائزے کے لیے درخواست کا جوابی بیان* اگر بورڈ کے دفتر میں ذاتی حیثیت میں پہنچایا جاتا ہے تو اسے قبول نہیں کیا جائے گا۔ ایسے *RB-89.3* فارمز جنہیں براہ راست انتظامی جائزے کے ڈویژن کو بذریعہ ڈاک بھیجا یا جمع کروایا گیا ہے ان کے بارے میں یہی تصور کیا جائے گا کہ انہیں بورڈ کے پاس دائر نہیں کروایا گیا ہے لہٰذا انہیں زیرِ غور نہیں لایا جائے گا۔

1. **WCB کیس نمبر (نمبرز)۔** اپیل کیے جانے والے دعوے (دعوؤں) کا WCB کیس نمبر (نمبرز) درج کریں۔ WCB کیس نمبر (نمبرز) میں ورکرز کمپنسیشن، امتیازی سلوک، معذوری کے وظائف، بامعاوضہ خاندانی رخصت کے حوالے سے امتیازی سلوک، رضاکار فائر فائٹر، اور رضاکار ایمبولینس کارکن کے وظائف کے لیے کیس نمبر شامل ہو۔

2. **کیریئر کیس نمبر (نمبرز)۔** اپیل کیے جانے والے دعوے (دعوؤں) کا کیریئر کیس نمبر (نمبرز) درج کریں۔ یہ سیکشن/آئٹم امتیازی سلوک کے دعوؤں پر لاگو نہیں ہوتا۔

3. **کیریئر کوڈ۔** اپیل کیے جانے والے دعوے کے لیے کیریئر کا کیریئر کوڈ درج کریں۔ اس سیکشن/آئٹم کا اطلاق امتیازی سلوک کے دعوؤں پر نہیں ہوتا۔

4. **کیریئر کا نام۔** اپیل کیے جانے والے دعوے کے لیے کیریئر کا نام درج کریں۔ اس سیکشن/آئٹم کا اطلاق امتیازی سلوک کے دعوؤں پر نہیں ہوتا۔

5. **چوٹ لگنے/رخصت کی تاریخ۔** وہ تاریخ درج کریں جس دن چوٹ لگی تھی، یا وہ تاریخ جب بامعاوضہ خاندانی رخصت شروع ہوئی تھی (اگر بامعاوضہ خاندانی رخصت نہیں لی گئی تھی، تو امتیازی سلوک کی شکایت کی تاریخ درج کریں)۔

6. **دعویدار کا نام۔** ملازم کا مکمل نام درج کریں۔

7. **دعویدار کا پتہ۔** ملازم کی گلی کا پتہ، شہر، ریاست، اور زپ کوڈ، اور اگر مختلف ہو تو ڈاک کا پتہ بھی درج کریں۔

8. **یہ جوابی بیان دائر کرنے والا فریق۔** اس بات کی نشاندہی کریں کہ کون سا فریق یہ جوابی بیان دائر کر رہا ہے۔

9. **درخواست کی وہ قسم جس کے جواب میں جوابی بیان ہے۔** اس بات کی نشاندہی کریں کہ آیا جوابی بیان یا تو 1) لازمی مکمل بورڈ کے جائزے، یا 2) لازمی مکمل بورڈ کے جائزے کے لیے درخواست کے جواب میں ہے۔

10. **بورڈ پینل کے فیصلے کی یادداشت کو دائر کرنے کی تاریخ۔** فیصلے کی تاریخ درج کریں جس کے خلاف اپیل کی جا رہی ہے۔

11. **فراہمی کی تاریخ۔** وہ تاریخ درج کریں جب جواب دہندہ کو *نظر ثانی/مکمل بورڈ کے جائزے کے لیے درخواست* پیش کی گئی تھی۔

12. **درخواست کردہ نتیجہ۔** اس بات کی نشاندہی کریں کہ کیا آیا جوابی بیان میں دعویٰ کیا گیا ہے کہ 1) *نظر ثانی/مکمل بورڈ کے جائزے کے لیے درخواست* کو 12 NYCRR 300.13(b)(4) کے تحت مسترد کیا جانا چاہیئے، 2) فیصلے کی یادداشت کو انتظامی طور پر درست کیا جانا چاہیئے اور اسے کیسے درست کیا جانا چاہیئے، 3) فیصلے کی یادداشت کی مکمل توثیق کی جانی چاہیئے، یا 4) فیصلے کی یادداشت میں ترمیم کی جانی چاہیئے اور اس میں ترمیم کس طرح کی جانی چاہیئے۔

13. **مسائل اور وجوہات کا جواب۔** درخواست میں اٹھائے گئے مسائل اور وجوہات کے جواب میں ایک مختصر بیان فراہم کریں، جو حقائق یا قانون کی کسی مبینہ غلط بیانی کی نشاندہی کرتا ہو۔ جیسا کہ 12 NYCRR 300.13(b)(1)(i) اور (c) میں تجویز کیا گیا ہے، جواب دہندہ 8.5 انچ ضرب 11 انچ کاغذ پر 12 نکاتی فونٹ کا استعمال کرتے ہوئے، ایک انچ مارجن کے ساتھ، لمبائی میں آٹھ (8) صفحات تک کی قانونی یادداشت منسلک کر سکتا ہے۔ آٹھ (8) صفحات سے زیادہ طویل تحریر کو زیر غور نہیں لایا جائے گا، جب تک کہ جواب دہندہ تحریری طور پر یہ واضح نہیں کرے گا کہ اپیل کی بنیاد آٹھ (8) صفحات کے اندر کیوں نہیں تیار کی جا سکتی تھی۔ پندرہ (15) صفحات سے زیادہ طویل قانونی یادداشت کو کسی بھی صورت میں زیر غور نہیں لایا جائے گا۔

**14. ریکارڈ۔** اگر درخواست میں حوالہ دیا گیا ریکارڈ نظر ثانی کے لیے مکمل ریکارڈ کا احاطہ کرتا ہے، تو اس سیکشن کو خالی چھوڑ دیں۔ اگر درخواست میں حوالہ دیا گیا ریکارڈ جائزے کے لیے مکمل ریکارڈ کا احاطہ نہیں کرتا، تو بورڈ کی فائل میں موجود اضافی سماعتوں، دستاویزات، دستاویزی شواہد، دیگر ثبوت اور ٹرانسکرپٹس کو اس تاریخ اور/یا دستاویزی ID نمبر (نمبرز) کے مطابق ترتیب دیں جو درخواست میں اٹھائے گئے اس مسئلے (مسائل) اور وجہ (وجوہات) سے متعلقہ ہیں جن کا درخواست میں حوالہ نہیں دیا گیا۔ *نظر ثانی/مکمل بورڈ کے جائزے کے لیے درخواست* کے جوابی بیان کے ساتھ ایسی کوئی بھی دستاویزات شامل یا منسلک نہ کریں جو بورڈ کی فائل میں اس وقت سے موجود ہیں جب درخواست دائر کی گئی تھی یا یہ جوابی بیان دائر کیا گیا تھا۔ بورڈ کسی جواب دہندہ یا جواب دہندہ کے قانونی نمائندے کی جانب سے پیش کردہ جوابی بیان کو مسترد کر سکتا ہے اگر وہ ایسی کوئی دستاویزات منسلک کرتے ہیں جو 12 NYCRR 300.13(b)(1)(ii) اور (c) کے مطابق درخواست یا اس جوابی بیان کو دائر کرتے وقت بورڈ کی فائل میں پہلے سے موجود ہوں۔

**15. سرٹیفیکیشن۔** تیار کرنے والے شخص کو فارم پر دستخط اور تاریخ (ساتھ ہی اپنا نام، عنوان، ٹیلی فون نمبر، اور پتہ بھی فراہم کریں) کے ساتھ لازماً یہ تصدیق کرنا ہو گی کہ اس جوابی بیان کو قانونی اور حقیقی بنیادوں پر نیک نیتی کے ساتھ، معقول وجوہات کے تحت دائر کیا گیا تھا، اور اسے فراہمی کے ثبوت کے سیکشن میں بیان کردہ متعلقہ و وابستہ فریقین کے سامنے پیش کیا گیا تھا۔

**16. فراہمی کا ثبوت۔** جوابی بیان کو 12 NYCRR 300.13(b) (2)(iv) اور (c) کے مطابق تمام متعلقہ و وابستہ فریقین کے سامنے لازماً پیش کیا جانا چاہیئے۔ کسی متعلقہ فریق کو صحیح طریقے سے فراہمی کرنے میں ناکامی کو ناقص فراہمی تصور کیا جائے گا اور ہو سکتا ہے کہ بورڈ جوابی بیان کو زیر غور نہ لائے۔ جب *نظر ثانی/مکمل بورڈ کے جائزے کے لیے درخواست کا جوابی بیان* کیریئر، از خود بیمہ شدہ آجر، یا دوسرے ادا کنندہ یا ممکنہ ادا کنندہ کی جانب سے دائر کیا جاتا ہے، تو فراہمی دعویدار، اور دعویدار کے قانونی نمائندے، اور دیگر متعلقہ و وابستہ فریقین کو فراہم کی جائے گی۔ اگر فراہمی جواب دہندہ کی طرف سے *نظر ثانی/مکمل بورڈ کے جائزے کے لیے درخواست* کی فراہمی کے تیس (30) دنوں کے اندر مکمل کر لی جاتی ہے تو اسے بروقت سمجھا جاتا ہے۔ توثیق لازمی مکمل ہونی چاہیئے اور اس میں تاریخ کے ساتھ ساتھ، اس طریقہ کار کا شامل ہونا ضروری ہے جس کے ذریعے جوابی بیان بورڈ کے پاس دائر کیا گیا تھا۔ جواب دہندہ بورڈ کے پاس جوابی بیان دائر کرنے کے لیے صرف ایک طریقہ استعمال کرے گا۔ اگر جواب دہندہ ڈپلیکیٹ جوابی بیانات دائر کرتا ہے، تو اس طرح کی ڈپلیکیٹ کارروائیوں کو معقول وجوہات کے بغیر کسی مسئلے کو اٹھانے یا برقرار رکھنے سے تعبیر کیا جا سکتا ہے، نتیجتاً جواب دہندہ کو WCL § 114-a(3) کے تحت تشخیصات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ مکمل شدہ توثیق میں فراہم کردہ کاغذات کی تفصیل کے ساتھ ساتھ، ان متعلقہ و وابستہ فریقین کے نام جنہیں فراہمی کی گئی ہے، ہر متعلقہ و وابستہ فریق کو فراہمی کی تاریخ اور طریقہ کار اور یہ شامل ہونا ضروری ہے کہ *بورڈ کے جائزے کے لیے درخواست* کی فراہمی کے 30 دن کے اندر فراہمی مکمل کر لی گئی تھی۔ توثیق کے اس حصے کو مکمل کرنا ناقابل قبول ہے جہاں فراہمی حاصل کرنے والے افراد کے نام اور "منسلکات دیکھیں" کے ساتھ طریقہ درج ہوتے ہیں۔ اگر کسی فریق کو ای میل یا دیگر الیکٹرانک ذرائع سےفراہمی کی گئی ہے، تو توثیق میں ایک سرٹیفیکیشن لازماً شامل ہونی چاہیئے کہ فریق نے اس طریقے سے فراہمی حاصل کرنے کی صریح اجازت فراہم کی ہے [2 NYCRR 300.13(b)(2)(iv)(C) and (c) اور (c) دیکھیں]۔ جوابی بیان کو ہر فریق کو ایک ہی طریقے سے فراہم کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ توثیق کو تاریخ اور دستخط کے ساتھ دروغ گوئی کی سزا کے تحت مکمل کرنا لازمی ہے۔

PO Box 5205
Binghamton, NY 13902-5205

www.wcb.ny.gov

# نظر ثانی / مکمل بورڈ کے جائزے کے لیے درخواست کا جوابی بیان

New York State Workers' Compensation Board

| 1. WCB کیس نمبر (نمبرز) | 2. کیریئر کیس نمبر (نمبرز) | 3. کیریئر کوڈ | 4. کیریئر کا نام | 5. چوٹ لگنے/رخصت کی تاریخ |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

| 6. دعویدار کا نام | 7. دعویدار کا پتہ |
|---|---|
| | |

8. یہ جوابی بیان ان کی جانب سے کیا گیا ہے:

9. یہ جوابی بیان اس درخواست کے جواب میں ہے (ایک کو نشان زد کریں):
☐ لازمی مکمل بورڈ کا جائزہ
☐ اختیاری مکمل بورڈ کا جائزہ

10. فیصلے کی یادداشت کو دائر کرنے کی تاریخ (mm/dd/yyyy):

11. درخواست جواب دہندہ کو (mm/dd/yyyy) کو فراہم کی گئی:

12. اس جوابی بیان میں حجت پیش کی گئی ہے کہ:
☐ *نظر ثانی/مکمل بورڈ کے جائزے کے لیے درخواست* کو مسترد کیا جانا چاہیئے۔
☐ فیصلے کی یادداشت کو انتظامی طور پر درست کرنا چاہیئے تاکہ اسے پڑھا جا سکے: ________
☐ فیصلے کی یادداشت کی مکمل تصدیق ہونی چاہیئے۔
☐ فیصلے کی یاداشت میں اس طرح ترمیم کی جانی چاہیئے: ________

13. مسائل اور وجوہات کا جواب۔ یہ جوابی بیان ہر اٹھائے گئے مسئلے کا جواب مندرجہ ذیل طور پر دیتا ہے (اگر آپ قانونی تحریر منسلک کرتے ہیں، تو یہ 8 صفحات سے زیادہ پر مشتمل نہیں ہو سکتی، ہدایات دیکھیں):

14. ریکارڈ۔ اگر آپ ریکارڈ پر اکتفا نہیں کرتے، تو اضافی متعلقہ شواہد کی نشاندہی کریں (تفصیلات کے لیے ہدایات دیکھیں):

**15. سرٹیفیکیشن:** ذیل میں فراہم کردہ جگہ پر دستخط کر کے، میں تصدیق کرتا/کرتی ہوں کہ اس درخواست کو قانونی اور حقیقی بنیادوں پر نیک نیتی کے ساتھ، معقول وجوہات کے تحت دائر کیا گیا ہے، اور اسے فراہمی کا طریقہ کار استعمال کرتے ہوئے تمام متعلقہ و وابستہ فریقین کو فراہم کیا گیا ہے، بشمول اصل پتہ جہاں فراہمی کی گئی تھی جو ذیل میں فراہمی کی توثیق میں درج ہے۔ میں سمجھتا/سمجھتی ہوں کہ ورکرز کمپنسیشن کا قانون معقول وجوہات کے بغیر کارروائیوں کو شروع کرنے یا جاری رکھنے اور/یا تاخیر کے مقصد کے لیے بھاری جرمانے عائد کرتا ہے۔ میں سمجھتا/سمجھتی ہوں کہ اگر یہ درخواست کسی بھی وجہ سے واپس لی جاتی ہے یا اٹھائے گئے کوئی بھی مسائل فریقین کے ذریعے حل کر لیے جاتے ہیں، تو مجھے فوراً بورڈ اور متعلقہ و وابستہ فریقین کو تحریری طور پر مطلع کرنا ہو گا

تیار کرنے والے شخص کے دستخط: ________ تیار کرنے کی تاریخ (mm/dd/yyyy): ________

نام پرنٹ کریں: ________ عنوان: ________ ٹیلی فون نمبر: ________

پتہ: ________


ورکرز کمپنسیشن بورڈ کسی امتیازی سلوک کے بغیر معذوریوں کے حامل افراد کو ملازمت دیتا ہے اور ان کی خدمت کرتا ہے

RB-89.3 4-24

